۲۔ محرم الحرام میں اہل سنت والجماعت کو واضح اکثریت کی بنیاد پر قومی ذرائع ابلاغ میں نمائندگی دی جائے۔
۳۔ خلفاء راشدینؓ کے ایام کو پوری اہمیت کے ساتھ سرکاری سطح پر منایا جائے اور ان ایام میں سرکاری تعطیل کی جائے جیسے دس محرم کو کی جاتی ہے۔
۴۔ محرم الحرام میں اہل سنت والجماعت کے مذہبی اجتماعات کو وہی آزادی دی جائے جو دوسروں کو ہوتی ہے۔ (مولانا غلام مصطفےٰ رحمانی مجلس تحفظ حقوق اہل سنت ملتان)

مولانا خانیم اللہ مولانا خانیم اللہ صاحب گاؤں کلیانی علاقہ بونیر ۱۳ر دسمبر ۷۶ء کو وفات پا گئے آپ ۲۵ سال تک والئی سوات کے زمانہ میں قاضی القضاۃ تھے۔ مولانا عبدالغفور عباسی مدنیؒ کے خاص مرید تھے۔ آپ کے دو فرزند ہیں جن میں مولوی شمس العارفین آج کل ابوظہبی میں ہے۔ قارئین سے دعاء کی درخواست ہے۔ (فضل الرحمان مٹوانی، بونیر)

مولانا مفتی محمد حلیم صاحبؒ ۱۰ر دسمبر ۷۶ء کو بنوں کے مشہور عالم مفتی و مدرس شیخ الحدیث مولانا مفتی حلیم صاحب ۷۲ سال کی عمر میں وفات پا گئے، ابتدائی تعلیم آپ نے موضع مغل خیل کے ملا پیر زادہ سے حاصل کی پھر مراد آباد کے مدرسہ شاہی سے ۱۹۳۳ء میں فارغ التحصیل ہو کر وہیں مدرس مقرر ہوئے ۱۹۴۵ء میں وطن آئے تو اپنے گاؤں میں مدرسہ شمس العلوم کی بنیاد رکھی پھر مدرسہ معراج العلوم بنوں میں شیخ الحدیث اور مفتی کے طور پر کام کرتے رہے۔ اور بنوں کی مسجد جعفر خان میں حدیث قرآن کا درس بھی دیتے رہے، آپ کے تلامذہ میں ہزاروں علماء شامل ہیں۔ نماز جنازہ میں ہزاروں افراد نے شرکت کی اپنے آبائی گاؤں میں سپرد خاک کئے گئے۔ (قاری حضرت گل بنوں)

شیخ الاسلام مدنیؒ پر اشاعتی کام حضرت شیخ الاسلام مولانا سید حسین احمد مدنیؒ کی ہمہ گیر مجاہدانہ زندگی متقاضی ہے کہ آپ کی علمی، سیاسی، روحانی زندگی کے ہر گوشہ پر کام کیا جائے ہمارے پروگرام میں حضرت کی ایک جامع اور مستند سوانح حیات کی تکمیل بھی ہے۔ اس لئے اگر کسی کے پاس کوئی غیر مطبوعہ تحریر یا معلومات کا ذخیرہ ہو تو رابطہ قائم فرمائیں۔ تاکہ استفادہ کیا جا سکے ایسے خطوط پر "سلسلہ سوانح" ضرور لکھیں۔
(محمد حبیب صدیقی، مکتبہ دینیہ دیوبند انڈیا)

الحق کا ایک اہم سلسلہ الحق میں "میری علمی اور مطالعاتی زندگی" کے عنوان سے ایک مفید اور معلومات افزا سلسلہ جاری تھا، اسے دوبارہ جاری کرنا چاہیئے۔
(الطاف احمد قریشی تلمیذ خانیوال ملتان)

الحق ارباب علم و فکر کو اس موضوع پر اپنے تاثرات قلمبند کر کے ارسال کرنے کی دعوت دیتا ہے۔